SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

May 20, 2019

ایس ای سی پی نے سرمایہ کاروں کی آگہی کے لئے وڈیو سیریز کا آغاز کر دیا

اسلام آباد (20 مئی) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے کیپٹل مارکیٹ، اسلامک فنانس، انشورنس، میوچل فنڈز، کمپنیوں کی رجسٹریشن اور اینٹی منی لانڈرنگ اور دہشت گردوں کی مالی معاونت کے موضوعات پر عوام اور خاص طور پر سرمایہ کاروں میں آگہی پیدا کرنے کے لئے وڈیو سیریز کا آغاز کر دیا ہے۔ ان موضوعات پر آگہی وڈیوز ایس ای سی پی کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر جاری کی گئی ہیں۔

ایس ای سی پی کی جانب سے ان وڈیوز کا مقصد عوامی میں آگہی کے لئے سوشل میڈیا کا موثر استعمال کرتے ہوئے عوام کو سرمایہ کاری کے لئے موجود قانونی مواقع اور کاروباری آسانیوں کے بارے میں معلومات کی فراہمی اور سرمایہ کاروں کے ان کے حقوق و ذمہ داریوں سے آگاہ کرنا ہے۔ ان ویڈیوز میں مالی دھوکہ دہی کی مختلف اقسام، منی لانڈرنگ کے حوالے سے بھی معلومات بھی فراہم کی جا رہی ہیں۔

ان آگہی وڈیوز میں ایس ای سی پی کے ماہرین عام فہم زبان میں آگہی دیتے ہیں۔ ان وڈیوز میں کیپٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاری، کمپنی رجسٹریشن، انشورنس اور منی لانڈرنگ وغیرہ کے بارے میں عمومی طور پر پوچھے جانے والے تمام سوالات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ وڈیو میں شکایات کے اندراج اور معلومات کے حصول کے مختلف طریقوں کے بارے میں تفصیلات بھی فراہم کی گئی ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005